والدین/ سرپرست/ نگہداشت کنندہ

18 جون، صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک آپ اور آپ کے بچے کو آپ کے بچے کے اسکول میں آنے کا موقع ملے گا۔ براہِ کرم اپنے اسکول کی ویب سائٹ پر جائیں اور پِک اَپ کیلئے 15 منٹ کا وقت منتخب کرنے کیلئے "بکنگ کیلنڈر" پر کلِک کریں۔ براہِ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ وقت منتخب کرنے سے پہلے آپ کے کمپیوٹر پر ٹائم زون ایسٹرن ٹائم (امریکہ اور کینیڈا) سَیٹ ہے۔ اس وقت کے بعد باقی رہ جانے والی کوئی بھی اشیاء عطیہ کر دی جائیں گی۔ براہِ کرم اسکول میں داخل ہونے سے پہلے اپنے اور اپنے بچے کیلئے منسلک شدہ "اینٹری انفارمیشن" کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہِ کرم اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

ایچ ڈبلیو ڈی ایس بی خاندانی پِک اَپ کے اقدامات - ایلیمینٹری

ہر ایک کی حفاظت کو یقینی بنانے اور جسمانی فاصلہ اور صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کیلئے براہِ کرم ذیل میں دیئے ہوئے اقدامات پر عمل کریں:

- نوٹ: آپ کے چیک اِن کرنے کے بعد ان اقدامات کی ایک نقل پِک اَپ کیلئے دستیاب ہوگی۔
- آپ اسکول کے سامنے والے دروازوں سے داخل ہوں گے اور باہر نکلیں گے جو غیر مقفل ہوں گے۔
- براہِ کرم اپنے مقرر شدہ وقت پر پہنچیں۔ جسمانی فاصلے کی تائید کیلئے ہم باہر قطاریں بنانے کی حوصلہ شکنی کر رہے ہیں۔
- آپ کے پاس 15 منٹ ہوں گے۔
- داخل ہونے سے پہلے سامنے کے دروازے پر لکھی ہوئی عبارت پڑھیں۔
- اپنے مقرر شدہ وقت میں والد یا والدہ اور ایک طالبعلم فی خاندان داخل ہو سکتے ہیں۔
- اسکول میں داخلے پر سینیٹائزر سے ہاتھ صاف کریں۔
- چیک اِن والی جگہ پر جائیں۔ عملہ جسمانی فاصلے پر عمل کر رہا ہے اور وہ ہر وقت آپ سے کم سے کم 2 میٹر (6 فٹ) کے فاصلے پر ہوگا۔ جب کہ ہم جانتے ہیں کہ آپ ایک دوسرے کو یاد کرتے ہیں، وہاں مصافحہ یا گلے لگانے والی کوئی بات نہیں ہوگی۔
- براہِ کرم کوئی کتابیں/ مواد جنہیں آپ واپس لوٹانا چاہتے ہوں انہیں مقررہ جگہ پر واقع لیبل والے ڈبے میں ڈال دیں۔
- چیک اِن کرنے کے بعد، اپنے بچے کے کلاس روم میں جائیں۔ اسکول کے عملے نے آپ کے بچے کے ڈیسک کی تمام اشیاء تھیلے میں ڈال دی ہیں اور وہ آپ کے بچے کے ڈیسک کے اوپر رکھی ہوئی ہیں۔
- اپنے بچے کے لاکر/ ہُک/ کیو بی کی طرف جائیں اور کوئی بھی ذاتی سامان نکال لیں۔ اگر ضرورت ہو تو کوڑا ڈالنے کیلئے کوڑے دان دستیاب ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو یاد نہیں رہا کہ ان کی ڈیسک یا لاکر/ ہُک/ کیو بی کہاں ہے، تو براہِ کرم انتظامیہ سے مدد حاصل کریں۔ براہِ کرم دوسرے طلباء کے سامان کو چُھونے سے پرہیز کریں۔
- اپنے بچے کے لاکر/ ہُک/ کیو بی کو خالی کر دیں۔
- دوسروں کے ساتھ مَیل ملاقات نہ کریں اور اسکول میں موجودگی کے دوران دوسروں سے کم سے کم 2 میٹر یا 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں۔
- ہاتھوں کو سینیٹائزر سے صاف کریں اور عمارت سے باہر نکل جائیں۔
- براہِ کرم اجتماعات کو روکنے کیلئے اسکول کی پراپرٹی سے چلے جائیں۔
- نوٹ: واش روم صرف ہنگامی استعمال کیلئے دستیاب ہیں۔